وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے ضمنی امتحان 1437ھ/2016ء کے نتائج کا اعلان

(ملتان) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضمنی امتحانات 23 تا 25 ذیقعدہ 1437ھ مطابق 27 تا 29 اگست 2016ء کو منعقد ہوئے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے ''وفاق المدارس'' سے ملحق دینی مدارس و جامعات کے ضمنی امتحان برائے سال 1437ھ/2016ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 10 ستمبر 2016ء مطابق 7 ذوالحجہ 1437ھ کو کر دیا ہے۔ ملک بھر میں طلبہ و طالبات کے کل 177 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ ضمنی امتحان کے لئے 27921 طلبہ و طالبات کا داخلہ موصول ہوا۔ 15034 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ 11558 طلبہ پاس اور 3475 طلبہ ناکام ہوئے، طلبہ کا نتیجہ 76.9 فیصد رہا۔ اسی طرح 11710 طالبات نے امتحان میں شرکت کی، 7314 طالبات پاس اور 4396 ناکام ہوئیں۔ طالبات کا نتیجہ 62.5 فیصد رہا۔

مجموعی طور پر 26744 طلبہ وطالبات نے امتحانات میں شرکت کی۔ ان شرکاء میں سے 18872 نے کامیابی حاصل کی جبکہ 7871 ناکام ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 69.7 فیصد رہا۔ ☆☆☆

سالانہ امتحان 1437ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کے بعد پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ......

سالانہ امتحان 1437ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کے بعد مزید درج ذیل طلبہ نے پوزیشنیں حاصل کی ہیں۔ کسی طالب علم کی پوزیشن ختم نہیں ہوئی۔

(1) عالمیہ سال دوم بنین ...... دارالعلوم چمن کے طالب علم فضل الرحمٰن ولد عبدالعلی نے درجہ عالمیہ بنین میں 480 نمبر لے کر صوبہ بلوچستان میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔